کووڈ - 19 ویکسینز کے بارے میں کیا جاننا آپ کے لئے ضروری ہے

جنوری 26، 2021

کووڈ - 19 ویکسین بالآخر کینیڈا میں رہنے والے ہر بالغ شخص کو دی جائے گی۔ ڈاکٹروں کا تصدیق شدہ ترتیب کیا گیا یہ حقیقت نامہ اس سلسلے کی پہلی کڑی ہے جس کا مقصد آپ کو درست اور ان ویکسینز کے بارے میں تصدیق شدہ طبی معلومات مہیا کرنا ہے تاکہ آپ مکمل آگاہی حاصل کرنے کے بعد انتخاب کر سکیں۔

بنیادی پیغامات:

- کووڈ-19 ویکسینز آپ کی کووڈ-19 سے حفاظت کریں گیں۔ اس کے لئے دو خوراکوں کی ضرورت ہے۔
- کووڈ-19 ویکسینز کا مطالعہ بڑے پیمانے پر ایک متنوع آبادی میں کیا گیا ہے اور یہ محفوظ اور انتہائی مؤثر سمجھی جاتی ہیں۔

کووڈ-19 ویکسین کیوں لی جائے؟

- سالہاسال سے، تمام دنیا کے لوگ مہلک متعدی بیماریوں جیسے خسرہ، تشنج اورپولیو سے بچاؤ کے لئے ویکسینز استعمال کرتے آئیں ہیں۔
- کووڈ-19 سے حفاظت کے لئے اور عام زندگی کی طرف دوبارہ لوٹنے کے لئے سب سے زیادہ مؤثر طریقہ کووڈ-19 ویکسین ہے۔
- ماسک پہننے، ہاتھ دھونے اور دوسروں سے کم از کم 2 میٹر کا فاصلہ رکھنے کے علاوہ، ہمارے خاندانوں اور کمیونٹیز تک وائرس کے پھیلاؤ کو روکنے کے لئے ویکسین ایک اہم جز ہے۔

ویکسین کیسے کام کرتی ہے؟

- ویکسین آپ کا علاج نہیں کرتی بلکہ وہ آپ کو بیمار ہونے سے بچانے میں مدد کرتی ہے۔
- ویکسین آپ کے جسم کو یہ سکھاتی ہے کہ کووڈ-19 وائرس دکھنے میں کیسا ہوتا ہے تاکہ وائرس کے ساتھ رابطہ ہونے کی صورت میں جسم اس سے لڑسکے۔
- ویکسین یہ کام اس طرح کرتی ہے کہ یہ آپ کے جسم کو اسی طرح کی اسپائک پروٹینز بنانے کی ہدایات دیتی ہے جیسی کروناوائرس کے اوپر موجود ہوتی ہیں۔ یہ پروٹینز آپ کو بیمار نہیں کرتیں۔ اس کے بعد آپ کے جسم کا مدافعتی نظام اینٹی بوڈیز بناتا ہے تاکہ اگر مستقبل میں جسم کے اندر اصل وائرس داخل ہو جائے تو اس متعدی مرض سے لڑا جا سکے۔

ویکسینز کتنی کارگر ہیں؟

- اب تک کینیڈا میں دو ویکسینز پیش کی جاچکی ہیں، ایک فائیزر/بایوٹیک کی طرف سے اور دوسری موڈرنہ کی طرف سے۔
- دونوں ویکسینز انتہائی مؤثر سمجھی جاتی ہیں صرف دو خوراک کے بعد،کووڈ-19 کی بیماری کو روکنے کے لئے۔ یہ ویکسینز بڑے پیمانے پر کی گئی سائنسی تحقیق میں ٪95 مؤثر پائی گئی ہیں۔

ان ویکسینز کے ضمنی اثرات کیا ہیں؟

کووڈ-19 ویکسینز انتہائی محفوظ سمجھی جاتی ہیں۔ بڑے پیمانے پر کی گئی سائنسی تحقیقات میں جن ضمنی اثرات کا مشاہدہ کیا گیا وہ عمومی طور پر ویسے ہی تھے جن کا تجربہ آپ کو دوسری ویکسینز کے ساتھ ہو سکتا ہے۔ ان ضمنی اثرات میں کندھے/بازو میں انجیکشن لگانے کی جگہ پر درد، جسم اور پٹھوں کا درد، کپکپاہٹ، تھکاوٹ اور بخار کا احساس شامل ہیں۔ یہ ویکسینز کے عام ضمنی اثرات ہیں جو کہ صحت کے لئے خطرہ لاحق نہیں کرتے۔ اگر ایسے اثرات ہوں تو یہ عام طور پر ایک یا دو دن میں ختم ہو جائیں گے۔ یہ علامات ویکسینز کی دونوں خوراک کے بعد ظاہر ہو سکتی ہیں۔

تمام ویکسینز کی طرح، زیادہ سنگین ضمنی اثرات کے بہت کم امکانات ہیں جیسا کہ الرجک ردعمل۔ اسی وجہ سے آپ کو کہا جاتا ہے کہ ویکسین لینے کے بعد 15 سے 30 منٹ تک آپ ویکسینیشن سائٹ (کلینک یا آپ کے ڈاکٹر کا دفتر) پر ہی رکیں رہیں تاکہ طبی عملہ آپ کی دیکھ بھال کر سکے۔

آپ کو ویکسینز لینے سے کووڈ-19 نہیں ہوسکتا

میں مزید کہاں سے جان سکتا ہوں؟

ہیلتھ کینیڈا نے تمام دستیاب طبی ثبوتوں کا احتیاط سے جائزہ لیا ہے اور صحت کو لاحق کوئی بڑا خطرہ شناخت نہیں کیا گیا ہے۔ فائیزر/ اور موڈرنہ ویکسین کا کیا گیا ہیلتھ کینیڈا کا خلاصہ درج ذیل لنک پر انگریزی اور فرنچ میں موجود ہے:

https://www.canada.ca/en/health-canada/services/drugs-health-products/covid19-industry/drugs-vaccines-treatments/vaccines/pfizer-biontech.html

https://www.canada.ca/en/health-canada/services/drugs-health-products/covid19-industry/drugs-vaccines-treatments/vaccines/moderna.html

اس خبرنامہ میں موجود معلومات کینیڈین ڈاکٹروں کی تصدیق شدہ ہے:

میب راشد ایم ڈی، اسسٹنٹ پروفیسر، یونیورسٹی آف ٹورنٹو، ونیسا ریڈٹ، ایم ڈی، لیکچرر یونیورسٹی آف ٹورنٹو، اور آئیزک آ بوگوچ، ایم ڈی، ایسوسی ایٹ پروفیسر، یونیورسٹی آف ٹورنٹو

{REFUGEE}613 — TAIBU Community Health Centre — OCASI Ontario Council of Agencies Serving Immigrants — WCH Women's College Hospital Healthcare REVOLUTIONIZED — CASSA — pchs Serving Diverse Communities — CSALC Chinese and Southeast Asian Legal Clinic — MCIS Language Solutions